پریس ریلیز

# تنظیم جواں فکر پاکستان کے وفد کا دورہ جنرل ہسپتال ، سہولیات پر اطمینان

## پروفیسر الفرید ظفر کا آؤٹ ڈور میں مریضوں کو چیک کرنا ایک بڑی تبدیلی ہے

### اس اقدام سے عوام کا سرکاری ہسپتالوں کی ورکنگ پر اعتماد بڑھے گا: چیف آرگنائزر خالد چغتائی/ارشد بٹ

لاہور 10 فروری:...... تنظیم جواں فکر پاکستان کے چیف آرگنائزر خالد چغتائی اور جنرل سیکرٹری ارشد بٹ نے وفد کے ہمراہ لاہور جنرل ہسپتال کا دورہ کیا۔وفد کے ارکان نے ایمرجنسی سمیت مختلف شعبہ جات دیکھے۔خالد چغتائی نے پرنسپل پی جی ایم آئی ومعروف گائنا کالوجسٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر کو ایل جی ایچ کے گائنی آؤٹ ڈور میں مریضوں کا علاج معالجہ کرتے دیکھ کر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا اور کہا کہ پروفیسر الفرید ظفر نے بذات خود شعبہ بیرون مریضاں میں فرائض سرانجام دے کر دیگر سینئر اساتذہ کیلئے ایک مثال قائم کردی ہے۔وفد کے ارکان کا کہنا تھا کہ معالج کی اولین ترجیح مریض کا علاج وشفاءیابی ہوتی ہے اور پروفیسر الفرید ظفر نے اس بات کو عملی طور کر ثابت کر دکھایا۔انہوں نے کہا کہ اس عملی تبدیلی سے مریض دوست ماحول کو پروان چڑھانے میں مدد ملے گی اور عوام کا سرکاری ہسپتالوں کی ورکنگ پر اعتماد بڑھے گا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سینئر میڈیکل ٹیچرز کے آؤٹ ڈور میں بیٹھنے سے نہ صرف ہسپتال کے نظم وضبط میں بہتری آئے گی بلکہ نوجوان ڈاکٹرز کی حوصلہ افزائی اور انہیں اپنے فرائض ادا کرنے میں مزید جذبہ پیدا ہوگا۔وفد کے ارکان نے ایمرجنسی میں مریضوں ولواحقین سے علاج معالجہ اور ہیلتھ پروفیشنلز کے رویہ کے متعلق بھی پوچھا جس پر لواحقین نے اطمینان کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆



پرنسپل امیرالدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر جنرل ہسپتال آؤٹ ڈور میں مریضوں کی علاج معالجہ بارے رہنمائی کر رہے ہیں